PHILADELPHIA GAS WORKS
800 West Montgomery Avenue • Philadelphia, PA 19122

عزیز صارف،

Philadelphia Gas Works (PGW) اپنے صارفین کو محفوظ اور قابل اعتماد قدرتی گیس سروس فراہم کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ اس ہدف کے حصول کے لیے ہمیں وقتاً فوقتاًریڈنگ لینے اور دیکھ بھال کے مقاصد سے آپ کے گیس میٹر اور پائپنگ تک جسمانی رسائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

اس وقت اس رہائش گاہ کو سپلائی فراہم کرنے والی قدرتی گیس سروس لائن کا معائنہ کرنا ضروری ہے، جس میں آپ کا گیس میٹر شامل ہے۔ یہ معائنہ ایک PGW ٹیکنیشن مفت کرے گا اور عام طور پر اسے مکمل ہونے میں صرف 45 منٹ لگیں گے۔ اس وزٹ کے دوران معائنہ مکمل کرنے کے لیے ہمیں آپ کے گیس میٹر کے ساتھ ساتھ گیس پائپنگ اور آلات تک رسائی کی ضرورت ہو گی۔ کوئی بھی رکاوٹ جو رسائی کو محدود کر سکتی ہے اسے ہمارے ٹیکنیشن کے آنے سے پہلے ہٹا دیا جائے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ معائنہ پوری طرح اور جلد سے جلد مکمل ہو جائے۔ مزید یہ کہ حالیہ کورونا وائرس کی وبا (COVID-19) کی وجہ سے PGW گاہکوں اور ملازمین دونوں کو ممکنہ حد تک محفوظ رکھنے کے لیے سینٹرز فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریونشن (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کی جانب سے بہترین طریقوں پر عمل پیرا ہے۔ احاطے پر کام کرتے ہوئے، PGW ٹیکنیشن ہر وقت اضافی ذاتی تحفظ کے سامان پہنے گا، جس میں چہرے کا مناسب ماسک اور نائٹرائل دستانوں کا پہننا شامل ہے۔ ٹیکنیشن آپ کے گھر میں ہر شخص سے کم از کم 6 فٹ کا فاصلہ بھی برقرار رکھے گا، اور تمام جسمانی رابطے سے گریز کرے گا۔

اپائنٹمنٹ کے تعین کے لیے براہ کرم **پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 1000-235 (215)** پر کال کریں۔ اس اہم معاملے میں آپ کے تعاون کے لیے پیشگی شکریہ۔

خیر اندیش،

Philadelphia Gas Works